ملفوظات
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کنز الایمان ۔ فتاویٰ رضویہ ۔ احکام شریعت ۔ حدائق بخشش ۔ الامن والعلیٰ ۔

شمع شبستانِ رضا جیسی شاہکار کتابوں کے مصنف

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کی شاہکار تصنیف

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ

ناشران

بک کارنر پرنٹرز پبلشرز مین بازار جہلم

فون نمبر دوکان: 624306 فون نمبر رہائش: 614977

ای میل: Bookcornerjm@yahoo.co.in

نام کتاب .... ملفوظات
مصنف .... مولانا احمد رضا خان بریلویؒ
سرورق .... امر شاہد
مطبع .... فرینڈز پرنٹرز، جہلم
ہدیہ .... -/[illegible] روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام، اُردو بازار لاہور
مکتبہ رحمانیہ، اقراء سنٹر اُردو بازار لاہور
شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور
علم و عرفان پبلشرز، اُردو بازار لاہور
خزینہ علم و اَدب، اُردو بازار لاہور۔
رحمٰن بک ہاؤس، اُردو بازار کراچی
ضیاء الدین پبلی کیشنز، نزد شہید مسجد کھارادر کراچی
ادارۃ الانور، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ) اُردو بازار کراچی

عرض: علاج کرنا سنت ہے یا نہ کرنا۔

ارشاد: دونوں سنت ہیں یہ بھی ارشاد ہوا ہے:

تداووا عباد اللہ فان الذی انزل الداء انزل الدواء لکل داء۔

علاج کروالے اللہ کے بندو کہ جس نے مرض [illegible] اس نے ہر مرض کی دوا بھی اتاری ہے۔

انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی عادت کریمہ [illegible] ان کی امت کے لئے سنت ہو اور اکابر صدیقین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی سنت علاج نہ [illegible] ہے۔

عرض: انگیریزی دوائیاں جائز ہیں یا نہیں۔

ارشاد: ان کے یہاں جس قدر رقیق دوائیں ہیں سب میں عموماً شراب ہوتی ہے سب نجس وحرام ہیں۔

عرض: اگر بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر جانور تیر مارا اور اس کے پاس پہنچے سے پہلے بغیر ذبح کے مر گیا اب اس کا کھانا کیسا ہے۔

ارشاد: جائز ہے خواہ کہیں لگ جائے (پھر فرمایا) اگر تکبیر کہہ کر بندوق ماری اور ذبح کرنے سے بیشتر مر گیا تو حرام ہے اس واسطے بندوق توڑ ہے کاٹ نہیں اور تیر میں کاٹ ہے۔

عرض: سنا گیا ہے کہ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بلی اور اصحاب کہف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کتا جنت میں جائیں گے یہ صحیح ہے یا نہیں۔

عرض: حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بلی کے لئے ثابت نہیں۔ اور اصحاب کہف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کتا بلعم باعور کی شکل بن کر جنت میں جائے گا۔ اور وہ اس کتے کی شکل ہو کر دوزخ میں پڑے گا۔ اسی کو فرمایا گیا ہے۔ ہم نے اس کو اپنی آیتیں دیں تو وہ نکل گیا ان سے اور گمراہوں میں سے ہو گیا اور اگر ہم چاہتے تو اس کو ان آیتوں کے سبب بلند فرمالیتے لیکن وہ تو زمین پکڑ گیا۔ اور اس سے نہ اٹھا گیا اس نے اپنی خواہش کا اتباع کیا۔ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ

تیر کا مارا بے ذبح کئے مر جائے حلال اور بندوق کا مارا بے ذبح کئے مر جائے تو حرام۔

اوْ تترکہُ یلھث۔ تو اس کی مثل کتے کی مثل ہے۔ اگر تو اس پر بوجھ لادے تو ہانپے اگر چھوڑ دے تو ہانپے۔ یہ ان لوگوں کی مثل ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کی تکذیب کی (پھر فرمایا) اس نے محبوبانِ خدا کا ساتھ دیا۔ اللہ نے اس کو انسان بنا کر جنت عطا فرمائی۔ اور اس نے محبوبانِ خدا سے عداوت کی بنی اسرائیل میں بہت بڑا عالم تھا۔ مستجاب الدعوات تھا۔ لوگوں نے اس کو بہت سا مال دیا، کہ موسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام کے لئے بددعا کرے۔ خبیث لالچ میں آگیا اور بددعا کرنی چاہی جو الفاظ موسے علیہ الصلوۃ والسلام کے لئے کہنا چاہتا تھا، اپنے لئے نکلتے تھے۔ اللہ نے اس کو ہلاک کر دیا اور استن حنانہ شریف علماء کا اختلاف ہے۔ ایک روایت آئی ہے کہ حضور نے ارشاد فرمایا اگر تو چاہے تو تیرے باغ کے اندر تجھے پھر لگا دیا جائے۔ تجھ میں پھل پھول آئیں یا جنت میں ایک پیڑ ہو جنت کے لوگ تجھ سے فائدہ اٹھائیں، اس نے عرض کیا دنیا دار الفنا ہے۔ میں نے دار الفنا پر دار البقا کو اختیار کیا۔ حضور نے اس کو ممبر کے نیچے دفن فرما دیا۔ حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں۔

آں ستوں را دفن کرد اندر زمیں
تاچو مردم حشر یابد روز دیں

تابدانی ہرکرا یزداں بخواند
از ہمہ کار جہاں بیکار ماند

عرض: سرّیتین[1] میں جب امام الحمد شریف پڑھے تو تعوذ اور امین کہے یا نہیں۔

ارشاد: تعوذ نہ کرے ہاں بسم اللہ پڑھ کر شروع کرے اور ختم پر آمین کہے اور اگر مقتدیوں کے کانوں تک آواز پہنچ جائے تو وہ بھی آمین کہیں۔

عرض: حضور بعض مرض متعدی بھی ہوتے ہیں۔

ارشاد: نہیں حدیث میں ارشاد ہوا۔ لاعدویٰ

عرض: پھر جذامی سے بھاگنے کا کیوں حکم دیا گیا۔

ارشاد: وہ حکم ضعیف الایمان کے واسطے ہے کہ اگر وہ اس کے پاس بیٹھے اور تقدیر الٰہی سے کچھ ہو

[1] ظہر کی پچھلی دو دو رکعتیں جن میں قرأت خفی ہوتی ہے۔ ۱۲ مؤلف غفرلہٗ۔